بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# فهرس الموضوعات والعناوين

# للبحوث العلمية

(تحقیقی مقالات)

## لعام ۱۴۴۳ھ/2023ء

لطلاب الدرجة النهائية والباحثين

لنيل شهادة العالمية فى العلوم العربية والإسلامية

(ایم اے عربی واسلامیات)

تحت إشراف

## تنظيم المدارس أهل السنة باكستان

# نتیجہ از ممتحن گرامی

عنوان مقالہ:______________ عنوان نمبر (لازمی لکھیں):______________

نام امیدوار:______________ ولدیت:______________

عالمیہ سال اول کارول نمبر:______________ عالمیہ سال دوم (2023ء) کارول نمبر:______________

## مقالہ چیک کرنے کے لیے نمبروں کی تقسیم اور مختصر ملاحظات:

| نمبر شمار | مقالہ کے اجزاء | مقررہ نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر کم ہونے کی وجہ |
|---|---|---|---|---|
| 01 | **فہرست عنوانات** | 05 | | |
| 02 | **مقدمہ** مندرجہ ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے: (موضوع کا تعارف، اہمیت موضوع، سابقہ کام کا جائزہ، تحقیق کے بنیادی سوالات واہداف) | 15 | | |
| 03 | **صُلبِ موضوع** (سوالات واہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق) | 50 | | |
| 04 | **حواشی وذیل حوالہ جات اور توضیحی نوٹس** | 10 | | |
| 05 | **موضوع کی بحث پر مبنی نتائج / خلاصۂ بحث** | 05 | | |
| 06 | **موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز** | 05 | | |
| 07 | **مقالہ میں وارد آیات واحادیث کی فہرست** (آخر میں لگائیں) | 05 | | |
| 08 | **فہرست مصادر ومراجع** | 05 | | |
| 09 | **میزان** | 100 | | |

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات:______________

______________

______________

______________

نام ممتحن:______________

دستخط ممتحن:______________

تاریخ:______________

نوٹ: 1۔ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پُر فارمہ کاپی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

2۔ مقالہ بغیر کمپوزنگ کے قابل قبول نہ ہوگا، کمپوزنگ کے متعلق ہدایات صفحہ نمبر 13 پر ملاحظہ کریں۔

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## فهرس الموضوعات والعناوين لطلاب الدرجة النهائية والباحثين
## لنيل شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية (ایم اے عربی واسلامیات)
## تحت إشراف تنظيم المدارس أهل السنة باكستان عام 1444ھ (2023ء)

# تفسير القرآن الكريم وما يتعلق به

| الرقم | العنوان | نموذج المنهج والأهداف |
|---|---|---|
| 1 | **قرآن مجید کے جدید اردو تراجم**<br>تحقیقی و تقابلی جائزہ<br>(اہلسنت کے کوئی سے تین منتخب اردو تراجم) | نزول قرآن، جمع قرآن، حفاظت قرآن پر جامع کلام کرنے کے بعد غیر عربی میں ترجمہ کی حیثیت،<br>ترجمہ قرآن تاریخ کے آئینہ میں، اردو زبان میں ترجمہ قرآن کا آغاز وارتقاء،<br>منتخب جدید اردو تراجم کا تعارف اور تقابلی جائزہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 2 | **سورۃ النور کے مضامین: تحقیقی و تقابلی جائزہ**<br>تفسیر ضیاء القرآن اور تبیان القرآن (سعیدی)<br>کی روشنی میں | ہر دو مفسرین اور ان کی تفاسیر کا جامع تعارف<br>سورۃ النور کے مضامین اور ہر دو تفاسیر کی روشنی میں ان مضامین کا تحقیقی و تقابلی جائزہ<br>خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 3 | **اعراب القرآن وصرفه وبيانه**<br>(ڈاکٹر محمود صافی) اور (محی الدین درویش)<br>کی سورۃ النور کی تحقیقات نحویہ کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ | اعراب القرآن پر لکھی گئی کتب، ہر دو کتب اور مصنفین کا تعارف، اسلوب و منہج، امتیازات و خصوصیات<br>اور سورۃ النور کی نحوی مباحث کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 4 | **الإتقان في علوم القرآن** (للإمام السيوطي)<br>و كتاب الزيادة والاحسان في علوم القرآن (ابنِ عقیل الحنفی)<br>تعارفی و تقابلی جائزہ | ہر دو مصنفین کا تعارف، الإتقان في علوم القرآن کا تعارف و خصوصیات،<br>کتاب الزیادۃ والاحسان کا تعارف و خصوصیات، ہر دو کتب کا تقابلی مطالعہ،<br>خاتمہ، فوائد، نتائج البحث |
| 5 | **"يا ايها الذين آمنوا في القرآن"**<br>مخاطبین اور حکمتیں | یا ایہا الذین آمنوا والی آیات کی اجمالی فہرست، ان کے مخاطبین و احکام اور خطاب کی حکمتوں کا تحقیقی مطالعہ،<br>خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 6 | **ترجمۃ القرآن "البیان"** (علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ)<br>اہلسنت کے اردو تراجم میں منہج و اسلوب اور امتیازات و خصوصیات | ترجمۃ القرآن کی ضرورت و اہمیت، تراجم اہلسنت کا تحقیقی تعارف مع انفرادیت، مترجمین اہلسنت کا تعارف،<br>البیان کا منہج و اسلوب، امتیازات و خصوصیات، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 7 | **تفسیرات احمدیہ** (مسائل عبادات کا اختصاصی مطالعہ)<br>میں مذکور کوئی سے پانچ منتخب مسائل سے متعلق آیات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ | مفسر و تفسیر کا تعارف، احکام القران پر لکھی گئی تفاسیر کا تعارف وارتقاء، تفسیرات احمدیہ سے منتخب آیات<br>سے مستنبط مسائل عبادات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 8 | **تفسیرات احمدیہ** (مسائل معاملات کا اختصاصی مطالعہ)<br>میں مذکور کوئی سے پانچ منتخب مسائل سے متعلق آیات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ | مفسر و تفسیر کا تعارف، احکام القران پر لکھی گئی تفاسیر کا تعارف وارتقاء، تفسیرات احمدیہ سے منتخب آیات سے<br>مستنبط مسائل معاملات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 9 | **تفسیرات احمدیہ** (مسائل بیوع کا اختصاصی مطالعہ)<br>میں مذکور کوئی سے پانچ منتخب مسائل سے متعلق آیات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ | مفسر و تفسیر کا تعارف، احکام القران پر لکھی گئی تفاسیر کا تعارف وارتقاء، تفسیرات احمدیہ سے منتخب آیات سے مستنبط<br>مسائل بیوع کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 10 | **سورتوں کے سیاق وسباق کے اعتبار سے مطالعہ قرآن**<br>اختصاصی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، مکی و مدنی سورتوں کا تعارف، زمانہ نزول، سیاق وسباق کے بدلنے سے مراد متکلم<br>کے بدلنے کی امثلہ عربی اور اردو زبان میں، ربط سورۃ ہائے قرآن کے ابلاغی پہلو کا تحقیقی جائزہ۔<br>خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 11 | **گوجری زبان میں تراجم قرآن و تفاسیر**<br>تحقیقی و تاریخی مطالعہ | ترجمہ قرآن کی اہمیت، گوجری زبان کی تاریخ برصغیر پاک وہند میں اختلافاتِ لہجہ بلحاظ ملک و علاقہ،<br>چند تراجم کے نمونہ جات پر تحقیقی کلام۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | قرآن مجید میں رنگوں کا تصور<br>تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، قرآن مجید میں رنگوں کا ذکر، جنت اور اس کی نعمتوں کا مختلف امثال سے تعارف، رنگوں کے مزاج پر اثرات، قرآنی رنگوں کا تعارف و خصائص۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 13 | تجویدی قرآن کا مطالعاتی جائزہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، تجوید کے احکام، تجویدی قرآن کا تعارف، تجویدی قرآن کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، تجویدی قرآن کی فنی حیثیت و دیگر پہلو۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 14 | قرآن مجید کو رنگین پرنٹ چھاپنے کے اثرات<br>تحقیقی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، رنگین پرنٹس کی اقسام، رنگین چھاپنے والے مطابع کا تعارف، رنگین قرآن سے قاری کے نظر و نفسیات پر اثرات، مثبت و منفی پہلو۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 15 | قرآن مجید کی پیشینگوئیاں<br>ایک اختصاصی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، پیشن گوئی کی شرعی حیثیت، کہانت اور پیشن گوئی میں فرق، قرآن کریم کی بیان کردہ پیشن گوئیوں کی تفصیل اور صداقت، قیامت اور اس سے پہلے کے حالات سے متعلق پیشن گوئیاں، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 16 | غلبہ اسلام قرآن و حدیث کی روشنی میں<br>تحقیقی و اطلاقی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، اسلام کی حقانیت، غلبہ کے لیے ضروری چیزیں، اسلام کی سربلندی کے اقدامات، قرآن و سنت کی روشنی میں غلبہ اسلام کی وضاحت اور لوازمات، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 17 | تخلیق انسانی کے ادوار اور مراحل<br>قرآنی آیات اور سائنس کے تناظر میں | موضوع کا تعارف اور اہمیت، انسانی تخلیق کے مختلف مراحل، قرار مکین، رحم مادر، العلقہ، المضغۃ، العظام، اللحم، انشاء الجنین وغیرھم قرآن کریم اور سائنس کے تناظر میں، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 18 | معذور افراد کے خصوصی احکام و حقوق<br>قرآنی آیات کے تناظر میں ایک جائزہ | معذوریت کا معنی و مفہوم، فقہی و اصطلاحی تعریفات، قرآن کریم میں معذوروں کے خصوصی اسلوب، معذوری کی اقسام و خصوصی احکام، سفارشات، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 19 | مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) میں سورۃ الفاتحہ کی تفسیر<br>میں وارد موضوع احادیث کا علمی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، وضع حدیث کی ابتدا اور اسباب، مفسر کے احوال و آثار، تفسیر مفاتیح الغیب اور موضوع روایات، اسناد اور متونِ حدیث پر کلام، حاصل بحث، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 20 | مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) میں سورۃ البقرہ کی تفسیر<br>میں وارد موضوع احادیث کا علمی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، وضع حدیث کی ابتدا اور اسباب، مفسر کے احوال و آثار، تفسیر مفاتیح الغیب اور موضوع روایات، اسناد اور متونِ حدیث پر کلام، حاصل بحث، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 21 | مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) میں سورۃ آل عمران کی تفسیر<br>میں وارد موضوع احادیث کا علمی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، وضع حدیث کی ابتدا اور اسباب، مفسر کے احوال و آثار، تفسیر مفاتیح الغیب اور موضوع روایات، اسناد اور متونِ حدیث پر کلام، حاصل بحث، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 22 | مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) میں سورۃ المائدہ کی تفسیر<br>میں وارد موضوع احادیث کا علمی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، وضع حدیث کی ابتدا اور اسباب، مفسر کے احوال و آثار، تفسیر مفاتیح الغیب اور موضوع روایات، اسناد اور متونِ حدیث پر کلام، حاصل بحث، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 23 | مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) میں سورۃ النساء کی تفسیر<br>میں وارد موضوع احادیث کا علمی مطالعہ | موضوع کا تعارف اور اہمیت، وضع حدیث کی ابتدا اور اسباب، مفسر کے احوال و آثار، تفسیر مفاتیح الغیب اور موضوع روایات، اسناد اور متونِ حدیث پر کلام، حاصل بحث، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 24 | صالحین کی کیفیاتِ وصال<br>قرآنی آیات کے تناظر میں ایک جائزہ | تعارف و اہمیت، موت کے متعلق قرآن آیات، مختصر تفسیر و توضیح، ارواح مومنین کے لیے اعزازات، ملائکہ کی بشارتیں، مقربین و صالحین کی کیفیاتِ وصال، اصحاب الیمین کا مقام و مرتبہ، حاصل بحث، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 25 | تفسیر اشرفی (علامہ سید محمد مدنی اشرفی دامت برکاتہ)<br>امتیازی خصوصیات و مطالعاتی جائزہ | علم تفسیر تعارف و اہمیت، احوال مفسر، خدمات جلیلہ، اسلوب تفسیر، امتیازی خصوصیات، ماخذ و مراجع کی تفصیل خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |

# الأحاديث النبوية والسيرة النبوية وما يتعلق بهما

| | | |
|---|---|---|
| 26 | رؤیائے انبیائے کرام علیہم السلام<br>رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کے رویائے صادقہ (اہمیت، فضائل اور تعبیرات) | الرؤیا، لفظی و معنوی مفاہیم و مباحث، قرآن کریم اور رؤیائے انبیاء کرام علیہم السلام، ذخیرہ احادیث میں رسول کریم ﷺ کے رؤیائے صادقہ اور تعبیرات، عنوان کی اہمیت، افادیت، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث۔ |
| 27 | صحابہ کرام علیہم الرضوان کے نبی کریم ﷺ سے فقہی سوالات، (ریاض الصالحین کی روشنی میں) | حصول علم میں سوالات کی اہمیت و افادیت، نبی کریم ﷺ بحیثیت مفتی، ریاض الصالحین میں مذکور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے فقہی سوالات اور نبی کریم ﷺ کے جوابات کا تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 28 | روایاتِ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ میں سیرت نبوی ﷺ کے نقوش ایک تحقیقی مطالعہ | سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ، سیرت و کردار، روایت حدیث میں آپ کی خدمت، سیرت کی تحقیق اور مطالعہ سیرت کی اہمیت وافادیت اور مرویات میں سیرت نبوی ﷺ کے نقوش کا تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 29 | مصنف عبد الرزاق<br>منہج واسلوب کا تحقیقی جائزہ | مصنف کا تعارف، علم حدیث میں مقام ومرتبہ، کتاب مصنف کی ترتیب، حدیث میں منہج واسلوب کا تحقیقی جائزہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 30 | المعاجم الثلثة للإمام الطبراني<br>منہج واسلوب کا اختصاصی مطالعہ | امام طبرانی کا تعارف، علمی مقام ومرتبہ، معاجم ثلاثہ کے تعارف، اسلوب و منہج اور خصوصیات کا تحقیقی جائزہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 31 | کتاب معرفة الصحابة (ابو نعیم اصبہانی)<br>اسلوب و منہج، امتیازات و خصوصیات کا مطالعاتی جائزہ | تعارف مصنف، علمی و تصنیفی خدمات، اسلوب، خصوصیات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث |
| 32 | تعارف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر بنیادی کتب<br>(الاستیعاب، اسد الغابہ، الاصابہ)<br>اسلوب و منہج، امتیازات و خصوصیات کا جائزہ | علم الرجال کی اہمیت وتعارف، مصنفین کا تعارف، کتب کا تعارف، منہج واسلوب، امتیازات، تراجم اور احوال صحابہ رضی اللہ عنہم پر مزید کام کی ضرورت، ہر سہ کتب میں تراجم کی تعداد و تفاصیل، سفارشات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث |
| 33 | شمائل نبوی ﷺ کا بیان عہد صحابہ رضی اللہ عنہم میں<br>ایک مطالعاتی جائزہ | اہمیت وتعارف، لغوی واصطلاحی مفہوم، مجالس، محافل اور نجی مصروفیات میں شمائل کے حوالے سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طرزِ عمل، کتب سیرت وطبقات میں شمائل نبوی ﷺ کی تفاصیل، خاتمہ، فوائد نتائج البحث |
| 34 | تقریری حدیث، تعارف، اہمیت وحجیت<br>ایک تحقیقی جائزہ | اہمیت وتعارف، لغوی واصطلاحی مفہوم، تقریری حدیث کے ارکان اور اقسام، اہمیت وحجیت، اشکالات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، سفارشات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث |
| 35 | تاریخ الخلفاء للسیوطی علیہ الرحمۃ کی تاریخی روایات<br>تحقیقی وتنقیدی مطالعہ | عہد خلفائے راشدین اور دیگر عہد سلاطین سے متعلق احادیث کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، تاریخی اقوال کو پرکھنے کا حدیثی معیار، بنیادی فرق، معیارِ ردو قبول کے اصول، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 36 | فتح الملہم اور شرح مسلم (علامہ غلام رسول سعیدی)<br>کے مقامات لغویہ کا تحقیقی وتقابلی مطالعہ | ہر دو مصنفین کا تعارف، کتب کا اسلوب و منہج، امتیازات وخصوصیات اور لغوی مباحث کا تحقیقی وتقابلی مطالعہ |
| 37 | حضرت غزالی زماں رحمۃ اللہ علیہ کے استدلالاتِ حدیث<br>تحقیقی مطالعہ | علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف دینی وملی، سیاسی وسماجی خدمات، آپ کی تصنیفات، ملفوظات، مواعظ میں احادیثِ نبویہ ﷺ سے استدلالات کا تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 38 | عربی میں جدید تصانیف سیرۃ النبی ﷺ<br>تعارف، اسلوب اور خصوصیات کا تحقیقی مطالعہ | سیرت نگاری کا لغوی واصطلاحی مفہوم، سیرت نگاری کی اہمیت وتاریخ، سیرت کی ماخذ کتب کا تعارف، سیرۃ النبی پر لکھی گئی جدید عربی کتب کا تعارف، اسلوب اور خصوصیات کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 39 | فتنہ انکارِ حدیث<br>تاریخ اور عصر حاضر میں انکارِ حدیث کے ذرائع تحقیقی مطالعہ | حجیت حدیث، انکار حدیث کے نقصانات، برصغیر میں تاریخ انکارِ حدیث، برصغیر میں انکارِ حدیث کے ذرائع کا تحقیقی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 40 | کتب اربعینات فی الحدیث<br>تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ | اربعین کا مفہوم واہمیت، کتب اربعین کا تعارفی مطالعہ، حدیث اربعین کا حکم، کشف الظنون میں موجود کتب اربعینات کی تفاصیل، اردو میں مختلف موضوعات پر موجود اہل سنت کتب اربعین کی تفصیل، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 41 | معاشرتی بیماریوں کے خاتمے کے لیے<br>خطباء اور اہل قلم کا کردار<br>(سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ) | معاشرتی بیماریوں کا مختصر تعارف، سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں خطباو اہل قلم کی معاشرتی ذمہ داریاں، اہل قلم کا ان بیماریوں کے خلاف تحریری جہاد، معاشرتی بیماریوں کا سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں تدارک۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 42 | جڑی بوٹیوں سے علاج فرامین رسول ﷺ کی روشنی میں<br>ایک تحقیقی مطالعہ | تعارف واہمیت، طبی فرامین نبوی ﷺ کا انڈیکس، احادیث کریمہ میں وارد کم از کم پچیس جڑی بوٹیوں کے طبی اثرات، فوائد، خواص اور تفصیلات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 43 | احادیث رسول ﷺ میں مذکور خوشبوئیں<br>ایک تحقیقی مطالعہ | خوشبو اور تعلیمات نبوی ﷺ، فرامین نبوی ﷺ کا انڈیکس، احادیث کریمہ میں وارد کم از کم بارہ خوشبوؤں کے طبی اثرات، فوائد، خواص اور تفصیلات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 44 | **الروض الانف** (امام عبدالرحمن سہیلی)<br>خصوصیات اور اسلوب و منہج، ایک تحقیقی مطالعہ | السیرۃ النبویہ لابن ہشام کی کم از کم پانچ شروحات کا تعارف، مصنف شرح کا تعارف و علمی اور تصنیفی خدمات، امتیازی خصوصیات اور اسلوب و منہج، صرفی و اصولی بحوث، اختلافِ علما کی خوب صورت وضاحت، کتب و روایات سے استشہاد، الروض الانف کے مصادر کی علمی و تاریخی حیثیت، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث۔ |
| 45 | **تابعین عظام کی علوم حدیث کے لیے کاوشیں ایک تحقیقی مطالعہ** | تابعین کی تعریف اور عظمت و وجاہت، تعلم حدیث کے ذرائع، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث |

# المسائل الاعتقادیۃ والکلامیۃ ومتعلقاتہا

| | | |
|---|---|---|
| 46 | **رسول اللہ ﷺ کی جسمانی خصوصیات و برکات**<br>تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ | تعارف و اہمیت، جسم اقدس ﷺ کی عظمت و خصوصی فضیلت، روایت وَإِنَّ الذُّبَابَ كَانَ لَا يَقَعُ عَلَى جَسَدِهِ وَلَا ثِيَابِهِ کا تحقیقی جائزہ، جسم اقدس ﷺ سے برکات کے واقعات مع استنادی حیثیت، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 47 | **استشراق اور اسلامی ادب**<br>تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ | استشراق کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ، ادوار استشراق، قرآن و احادیث اور سیرت و سنت کے حوالہ سے مستشرقین کے اعتراضات کا تجزیاتی و تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 48 | **معاشرے میں فتنہ قادیانیت کے پھیلاؤ کے اسباب**<br>اور ان کے خود ساختہ دلائل کا تحقیقی جائزہ | فتنہ قادیانیت کا تعارف، قادیانیوں کے اپنے عقائد و نظریات پھیلانے کے لئے استعمال کیے جانے والے ہتھکنڈے، پاکستانی معاشرہ میں فتنہ قادیانیت کے پھیلاؤ کے اسباب، اور ان کے خود ساختہ دلائل کا رد۔<br>خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 49 | **محافلِ میلاد النبی ﷺ**<br>افادیت و آداب کا اختصاصی مطالعہ | میلاد کا لغوی اور اصطلاحی معنی، محافل میلاد کی تاریخی حیثیت، محافل میلاد النبی ﷺ کی افادیت برائے اصلاح اعمال و عقائد، آدابِ محافل، عصر حاضر کی خرافات کا تنقیدی جائزہ اور اصلاح کے لیے سفارشات۔<br>خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 50 | **عقیدہ ختم نبوت ﷺ اور سلف صالحین**<br>ایک تحقیقی مطالعہ | عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت، سلف صالحین کے حوالے سے منکرین ختم نبوت کے الزامات کے جوابات۔<br>عباراتِ اکابر میں قطع و برید کا ثبوت، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث۔ |
| 51 | **نظریہ مذہب اور نظریہ انسانیت**<br>میں تصادم کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ | ہیومنزم کا معنی و مفہوم، اسباب اور اجزائے ترکیبی، نظریہ مذہب اور نظریہ انسانیت کی تفصیلات۔<br>خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث۔ |
| 52 | **غزوات و سرایا کا دعوتی کردار**<br>ایک تحقیقی جائزہ | تعارف و اہمیت، غزوات و سرایا کی تاریخی حیثیت اور اثرات، دعوت دین کے تقاضے اور ذمہ داریاں، غزوات میں موجود اہل اسلام کے لیے دروس ہدایت اور سامان عبرت، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث |
| 53 | **قصص الحدیث سے روحانی و اخلاقی اصلاح**<br>ایک تحقیقی جائزہ | اہمیت و تعارفِ موضوع، انسانی مزاج پر واقعات اور قصہ کہانیوں کے اثرات، قصص الحدیث کا انڈیکس، ہر قصہ کا روحانی و اصلاحی پہلو، مزید کام کی سفارشات، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث |

# المسائل الفقہیۃ والإسلامیۃ وما یتعلق بہا

| | | |
|---|---|---|
| 54 | **توضیحاتِ قواعد خمسہ کبری**<br>تحقیقی مطالعہ | الامور بمقاصدها - اليقين لا يزول بالشك - المشقة تجلب التيسير - الضرر يزال - العادة محكمة، قواعد فقہیہ کی توضیحات و نوعیت، قواعد مذکور کے ماخذ و امثلہ، لغوی و اصطلاح شرع میں مفہوم، مذکور قواعد پر مبنی ابواب فقہ، قواعد کی عملی تطبیقات اور متفرع قواعد، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث |
| 55 | **ہدایہ کتاب الطہارۃ کے حواشی کی تحقیقات**<br>تحقیقی و تقابلی مطالعہ | علامہ عبدالحیی لکھنوی اور علامہ عبدالرزاق بھترالوی کے کتاب الطہارۃ کی مباحث پر حواشی کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 56 | **ہدایہ کتاب الصلوٰۃ کے حواشی کی تحقیقات**<br>تحقیقی و تقابلی مطالعہ | علامہ عبدالحیی لکھنوی اور علامہ عبدالرزاق بھترالوی کے کتاب الصلوٰۃ کی مباحث پر حواشی کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 57 | **ہدایہ کتاب الزکوٰۃ کے حواشی کی تحقیقات**<br>تحقیقی و تقابلی مطالعہ | علامہ عبدالحیی لکھنوی اور علامہ عبدالرزاق بھترالوی کے کتاب الزکوٰۃ کی مباحث پر حواشی کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| علامہ عبدالحیی لکھنوی اور علامہ عبدالرزاق بھترالوی کے کتاب الصوم کی مباحث پر حواشی کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **ہدایہ کتاب الصوم کے حواشی کی تحقیقات**<br>تحقیقی و تقابلی مطالعہ | 58 |
| علامہ عبدالحیی لکھنوی اور علامہ عبدالرزاق بھترالوی کے کتاب الحج کی مباحث پر حواشی کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **ہدایہ کتاب الحج کے حواشی کی تحقیقات**<br>تحقیقی و تقابلی مطالعہ | 59 |
| کنزالدقائق اور اس کی شروح کا تعارف، کشاف الحقائق از علامہ عبدالرزاق بھترالوی اور معدن الحقائق از حنیف گنگوہی کی مباحث کتاب الصلوٰۃ پر تحقیقات کا تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **شروح کنزالدقائق کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ**<br>کتاب الصلوٰۃ کا اختصاصی مطالعہ | 60 |
| کنزالدقائق اور اس کی شروح کا تعارف، کشاف الحقائق از علامہ عبدالرزاق بھترالوی اور معدن الحقائق از حنیف گنگوہی کی مباحث کتاب الزکوٰۃ پر تحقیقات کا تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **شروح کنزالدقائق کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ**<br>کتاب الزکوٰۃ کا اختصاصی مطالعہ | 61 |
| کنزالدقائق اور اس کی شروح کا تعارف، کشاف الحقائق از علامہ عبدالرزاق بھترالوی اور معدن الحقائق از حنیف گنگوہی کی مباحث کتاب الصوم والحج پر تحقیقات کا تقابلی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **شروح کنزالدقائق کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ**<br>کتاب الصوم والحج کا اختصاصی مطالعہ | 62 |
| وقف کی شرعی حیثیت، شرائط، احکام، عصر حاضر کے تناظر میں کاروباری مسائل اور سرکاری محکمہ اوقاف کے احکام، کتاب البیوع اور کتاب الوقف کی مباحث کا خصوصی مطالعہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **زینت القدوری اور منتخب شروحِ قدوری**<br>کا تحقیقی و تقابلی مطالعہ (کتاب البیوع اور کتاب الوقف کا اختصاصی مطالعہ) | 63 |
| غیرت کا تصور اور دینی تعلیمات، پاکستان کے مختلف علاقوں میں قتل غیرت کی صورتیں اور مشہور اسماء، شریعت اسلامی کے رجحانات اور دفاعی اقدام کے احکام، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **قتل غیرت کی شرعی حیثیت**<br>ایک تحقیقی مطالعہ | 64 |
| تعارف و اہمیت، ہر دو مصنفین کے احوال و فقہی خدمات کا جائزہ، ہر دو فتاوی میں بالترتیب ابواب و تعدادِ فتاوی کی تفاصیل خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث | **فتاوی رضویہ اور فتاوی ثنائیہ**<br>مناہج کا تقابلی مطالعہ | 65 |
| تعارف و اہمیت، ترویجی تحائف، لغوی و اصطلاح تعریفات، شرعی نقطہ نظر، یادگاری تحائف کی شرعی حیثیت چند جدید فتاوی جات کا جائزہ، خاتمہ، فوائد اور نتائج البحث | **پروڈکٹ کی ترویج کے لیے تحائف دینا**<br>فقہی جائزہ | 66 |
| بیع کا مفہوم، خیار شرط، خیار رؤیت اور خیار عیب کا مفہوم، خیار کی حکمتیں اور فوائد، بیع کی مروجہ صورتیں اور ان کے شرعی احکام کا اطلاقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **بیع کے احکام شرعیہ اور مروجہ صورتیں**<br>تحقیقی و اطلاقی مطالعہ | 67 |
| نکاح کی فضلیت و اہمیت، نکاح کی اقسام، محرمات نکاح، نکاح کے احکام و مسائل، نکاح سے متعلق خرافات اور ان کے نقصانات، جلدی شادی کرنے کے فوائد، تاخیر سے شادی کرنے کے نقصانات، اسباب اور ان کا تدارک۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **نکاح کے شرعی احکام اور معاشرتی مسائل**<br>**تجزیاتی مطالعہ** | 68 |
| وراثت کی لغوی و شرعی تعریف، تقسیم وراثت کے مروجہ غیر شرعی طریقے، اصول وراثت از روئے شرع اور موجودہ ملکی قوانین کا تقابلی و تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **تقسیمِ وراثت کے شرعی اور ملکی قوانین**<br>**تقابلی و تنقیدی جائزہ** | 69 |
| مصارفِ زکوۃ کی تشریح، تملیک کا معنی اور صورتیں، تملیک شخصی کی حقیقت، اقوال فقہا اور اختلاف کی وجہ، راجح قول اور وجہ ترجیح، مختلف اداروں میں تملیک کی قائم مقام صورتوں کا جائزہ، امین اصلاحی اور غامدی افکار کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | **زکوۃ میں تملیک کی شرط**<br>(ائمہ اربعہ کی تصریحات اور امین احسن اصلاحی کے نظریات کا تقابلی جائزہ) | 70 |
| زحیلی اور الفقہ الاسلامی وادلتہ کا تعارف، الفقہ الاسلامی میں مذکور مسائل جدیدہ پر فقہی بصیرت کا تجزیاتی مطالعہ، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | **ڈاکٹر وھبہ زحیلی بطور فقیہ**<br>**تحقیقی و تنقیدی جائزہ** | 71 |
| کفریہ کلمات کی تحدید و تعیین، کفریہ کلمات سے لزوم کفر کے احکامات، کفریہ کلمات کی روک تھام میں اہل علم کے کردار کی وسعت، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | **کفریہ کلمات کی روک تھام میں اہل علم کا کردار**<br>**تحقیقی مطالعہ** | 72 |
| کرنسی نوٹ کی شرعی حیثیت، زکوۃ کے وجوب اور ادائیگی کا حکم، مروجہ نوٹ کی مالیت کا اعتبار، نوٹوں کا تبادلہ، مختلف ممالک کی کرنسی کا تبادلہ اور سود کے احکام۔ خاتمہ، فوائد و نتائج البحث | **کرنسی نوٹ کی مالیت کے شرعی احکام**<br>**تحقیقی مطالعہ** | 73 |

| | | |
|---|---|---|
| 74 | کاروباری تشہیر اور اخلاقیات<br>آداب وتقاضے | دور حاضر میں کاروباری تشہیر کے ذرائع، تشہیر کے طریقوں میں اخلاقی وغیر اخلاقی پہلو، کاروباری تشہیر کا سیرت طیبہ کی روشنی میں جائزہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 75 | مسلمانوں کا کفار سے مکالمہ اور دعوت دین<br>ایک اختصاصی مطالعہ | دعوت و تبلیغ کے اسلامی اصول، مناظرہ، مکالمہ، مجادلہ میں فرق، مواعظہ حسنہ کا اسلامی طریقہ، کفار و بے دین لوگوں سے مباحثہ کرنے کی شرعی حیثیت اور اس کا طریقہ کار، قرآن وسنت اور آثار صحابہ وسلف صالحین کی روشنی میں ۔ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 76 | مذہبی پیشواؤں کا ذریعہ معاش<br>تاریخی وعصری مطالعہ | انبیاء کرام علیہم السلام کے پیشے، صحابہ وسلف صالحین کے پیشے، مذہبی پیشوا کا ذریعہ معاش، طاعات پر اجرت کا مسئلہ، تدریس، امامت، اذان کی اجرت لینا، قرآن خوانی اور نعت خوانی کا معاوضہ طے کرنا، تراویح کا اعزازیہ ودیگر ذرائع کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 77 | قرآنی واقعات اور اسلامی تاریخی واقعات پر فلم سازی کا شرعی جائزہ | فلم سازی کا شرعی حکم، اسلامی واقعات کی فلم سازی کا شرعی حکم، اسلامی واقعات کو فلمانے کے اسباب، تجاویز، سفارشات، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 78 | شادیوں میں تاخیر کے مثبت ومنفی اثرات<br>تحقیقی واطلاقی مطالعہ | شادیوں کے بارے پاکستانی معاشرہ کا تعارف، بیٹے اور بیٹیوں کی شادی میں تاخیر کی ممکنہ وجوہات، تاخیر کے مثبت ومنفی اثرات، سیرت نبوی کی روشنی میں تاخیر وتعجیل کا جائزہ، اسلام کی روشنی میں شادیوں میں پیش آمدہ مسائل کا حل۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |

# التصوف والرجال والتعلیم والتربیۃ ومایتعلق بہا

| | | |
|---|---|---|
| 79 | اصلاحِ تصوف اور فتاوٰی جات<br>ایک تحقیقی مطالعہ | تصوف کی لغوی اور اصطلاحی تعریف، قبل از اسلام تصوف کی شکل، ادوارِ تصوف، اصلاح تصوف کے حوالہ سے فتاوٰی رضویہ اور فتاوٰی عالمگیری کے فتاویٰ جات کا تحقیقی مطالعہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 80 | زمانہ قدیم اور عصرِ حاضر کے تصوف<br>کا تقابلی مطالعہ | تصوف کا لغوی اور شرعی معنٰی، تاریخ تصوف، اہمیتِ تصوف، زمانہ قدیم کا تصوف اصلاح کا سبب کیسے بنا؟ بدعات وکفریات کی شمولیت کب ہوئی، اصلاح کیسے ممکن ہے؟۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 81 | نظامِ تصوف کی اصلاح، کرامت اور استدراج میں فرق کے تناظر میں | تصوف کی لغوی واصطلاحی تعریف، کرامت کی تعریف وتوضیح اور احکام قرآن وسنت اور اجماع سے استدراج کا معنی اور مفہوم واحکام، کرامت اور استدراج میں فرق۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 82 | مبلغین علماء اور مبلغین صوفیاء کی تبلیغی خدمات<br>تحقیقی وتقابلی جائزہ | تصوف کی ضرورت واہمیت، علماء وصوفیاء کا تبلیغی امتزاج وافتراق، صوفی اور عالم میں فرق، معاشرہ کے بڑھتے ہوئے منفی اخلاق اور ان کے سدباب کی صورتیں۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 83 | اولادِ سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہم<br>احوال وآثار اور خدماتِ جلیلہ | احوال مقدسہ، تعارف وخدمات، محاسن ومناقب، کتب رجال میں تذکار کی تفصیل<br>خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 84 | کلام سلطان باہو رحمہ اللہ میں مذکور تلمیحات قرآنیہ<br>تشریح وتخریج کا مطالعاتی جائزہ | حضرت باہو اور ان کے دیوان کا تعارف، کلام باہو میں مذکورہ تلمیحات قرآنیہ کی تشریح وتخریج ایک تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 85 | کلام بلھے شاہ رحمہ اللہ میں مذکورہ تلمیحات قرآنیہ<br>تشریح وتخریج کا مطالعاتی جائزہ | حضرت بلھے شاہ اوران کے دیوان کا تعارف، کلام میں مذکورہ تلمیحات قرآنیہ کی تشریح وتخریج ایک تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |
| 86 | کلام خواجہ غلام فرید رحمہ اللہ میں مذکورہ تلمیحات قرآنیہ<br>تشریح وتخریج کا مطالعاتی جائزہ | صاحب دیوان فرید کے احوال وآثار، دینی، ثقافتی اور ادبی خدمات کا جائزہ، سرائیکی زبان، آغاز واثرات، شاعری اور اسلام، تلمیح کی تعریف واقسام اور اہمیت، شاعری میں اسلامی، قرآنی اور قصص انبیائے کرام کی تلمیحات کا جائزہ اور مفاہیم وتشریحات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 87 | حضرت شاہ صدر الدین عارف رحمۃ اللہ علیہ<br>احوال وآثار، تاریخی وتحقیقی مطالعہ | اولیائے سلسلہ سہروردیہ کی تاریخ، خطہ ملتان کی تاریخی حیثیت اور سہروردی مشائخ کا شانِ ورود، پاکستان میں سلسلہ سہروردیہ کے مراکز، خاندانی نسب اور عز وشرف، سلسلہ تعلیم وتعلم، شخصی اوصاف، ہم عصر شخصیات اور روحانی یادیں، سلسلہ سہروردیہ کی ترویج واشاعت میں مثالی کردار، خلفائے عظام، نصائح وارشادات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 88 | امام محمد بن حسن شیبانی علیہ الرحمۃ بحیثیت قاضی | امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، علمی مقام بحیثیت قاضی آپ کی خدمات کا تحقیقی و تاریخی مطالعہ، خاتمہ فوائد و نتائج البحث |
| 89 | علامہ اقبال اور عشق مصطفیٰ ﷺ<br>تحقیقی و تاریخی مطالعہ | علامہ محمد اقبال کی سوانح حیات، علامہ اور عشق مصطفیٰ ﷺ کے واقعات اور محبت رسول ﷺ میں تحریر نظموں کا تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 90 | علامہ عمر بن داؤد عباسی کراچوی کی تعلیمی خدمات | علامہ کی سوانح حیات اور علامہ کی تعلیمی، دینی، سماجی خدمات کا تحقیقی مطالعہ، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 91 | علامہ مفتی ارشاد احمد نقشبندی<br>(چیچہ چوکی میاں چنوں خانیوال)<br>تدریسی خدمات کا مطالعاتی جائزہ | تعلیم و تعلم کی عظمت قرآن و سنت کی روشنی میں، تعارف، اساتذہ کرام کا تعارف، اندازِ تدریس، طریق تربیت و خصوصیات، بطور مبلغ اصلاح و دعوت کا انداز، تعارف تلامذہ و دینی، قومی اور ملی خدمات، مشاہیر کے کلماتِ تحسین، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 92 | علامہ خدا بخش صابر جراح (تونسہ شریف)<br>علمی و دینی خدمات ایک مطالعاتی جائزہ | تونسہ شریف میں مقیم جراح خاندان، ماضی و حال، احوال و تفصیلات، سوانح حیات، علمی و تصنیفی خدمات، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 93 | علامہ حافظ عبد الرشید مہروی رحمہ اللہ (ملتان)<br>کی علمی خدمات | علامہ حافظ عبد الرشید مہروی رحمہ اللہ کے حالات زندگی، خاندانی پس منظر و حصول علم، اساتذہ و تلامذہ، تدریسی خدمات، تصنیفی خدمات، خاتمہ، فوائد و نتائج البحث |
| 94 | معمولات و نظریاتِ اہلسنت کا مطالعاتی جائزہ<br>'مقالاتِ کاظمی' کی روشنی میں | معمولات و نظریات کے مابین فرق اور احکام، احوال مصنف، بترتیب حروف تہجی معمولات و نظریات اہلسنت پر حضرت غزالئ زماں علیہ الرحمۃ کا اندازِ تحریر، خصوصیات و امتیازات، استنادی حیثیت، زبان و حرف کی حرمت، عظمتِ منصب اور فریق مخالف کے لیے تفہیم کا انداز۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 95 | اکابرین اہلسنت کی مقدمہ اور تقریظ نگاری<br>ایک تعارفی مطالعہ<br>(علامہ احمد سعید کاظمی، مفتی احمد یار خان نعیمی، پیر کرم شاہ،<br>علامہ اختر رضا خان، علامہ عبد الحکیم شرف قادری) | فن تقریظ نگاری کے اصول و ضوابط، مقدمہ، تقریظ، تبصرہ کے اسلوب و مبادیات، اکابرین کی تقدیم اور تقریظ نگاری میں ادبی رنگ، تقدیم و تقریظ میں کتاب کے پس منظر اور موضوع کے متعلق حقائق، مصنفِ کتاب کی اہلیت و قابلیت کا تذکرہ نیز اکابرین علیہم الرحمۃ کے دعائیہ کلمات اور حوصلہ افزائی کا انداز، اپنے لیے عجز و انکساری کا اظہار اور اختتامی کلمات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 96 | اکابر مشائخ اہلسنت کے ارشادات و نصائح<br>ایک تعارفی مطالعہ<br>(پیر سید مہر علی شاہ، پیر سید جماعت علی شاہ، خواجہ قمر الدین سیالوی) | ملفوظات و مکتوبات صوفیاء کی تاریخی حیثیت، اہمیت و افادیت، مشہور ملفوظاتی کتب فہرست مع مؤلفین اکابرین کا تعارف و جلیل القدر خدمات، خانقاہی نظام کی اصلاح کے لیے کاوشیں۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 97 | مشاہیر علمائے اہلسنت (ریاست بہاولپور)<br>کی دینی، علمی و تصنیفی خدمات کا تعارفی جائزہ<br>(دسویں صدی ہجری سے چودھویں صدی ہجری) | ریاست بہاولپور محل و قوع، تاریخی حیثیت، اہلسنت کی مرکزی تعلیمی درسگاہیں و خانقاہیں کم از کم دس مشہور دینی اداروں کی تاریخ، خدمات اور مشاہیر فضلاء کی خدمات و احوال، علما کے احوال و آثار، فتاوی جات، تصانیف، تراجم کی تفصیلات۔ سماجی و رفاہی خدمات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 98 | مشاہیر علما و مشائخ خان پور (ضلع رحیم یار خان)<br>کی علمی، فقہی، ادبی اور قومی خدمات کا تعارفی جائزہ | محل و قوع، تاریخ، تہذیب و ثقافت، علمی و خانقاہی مراکز، یادگار ماضی اور موجودہ حالات، علما و مشائخ کے احوال و آثار، علمی، فقہی، ادبی اور قومی خدمات کا جائزہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |
| 99 | جنوبی پنجاب میں مشائخ نقشبند کی خدمات<br>اور ان کے سماجی اثرات<br>(دسویں ہجری سے چودھویں صدی) | جنوبی پنجاب محل و قوع، دسویں صدی کا معاشرہ، دینی اقدار کا تحفظ، سلسلہ نقشبند کا تعارف، انفرادی خصوصیات، جنوبی پنجاب میں نقشبندیت کے مراکز، مشائخ کے احوال و آثار، خانقاہی نظام کی اصلاح میں نمایاں کاوشیں، قومی و سیاسی خدمات، تنظیمی اور تحریکی وابستگی، خدماتِ دین کے معاشرے پر اثرات۔ خاتمہ، نتائج البحث۔ |
| 100 | خانقاہِ احمدیہ سعیدیہ موسیٰ زئی شریف<br>(ڈیرہ اسماعیل خان)<br>کی رفاہی خدمات کا مطالعاتی جائزہ | رفاہِ عامہ اور خدمت خلق، اہمیت اور اسلامی تعلیمات، رسول کریم ﷺ کی رفاہی منصوبہ بندی، خانقاہی نظام میں خدمت خلق کی اہمیت و افادیت، خانقاہِ موسیٰ زئی شریف کا محل و قوع اور مشائخ کے احوال و آثار، خلفائے عظام، علمی آثار اور وصایا و نصائح۔ رفاہی منصوبہ بندی کے لیے فکری، تربیتی اور عملی اقدامات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ |

| | | |
|---|---|---|
| تنظیم المدارس کا مختصر تعارف، خیبر پختونخواہ کا تعارف اور حد بندی۔ تنظیم المدارس سے ملحق خیبر پختونخواہ کے فوقانی مدارس کی تعداد، تعارف، خدمات کا اجمالی جائزہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | فوقانی مدارس تنظیم المدارس خیبر پختونخواہ | 101 |
| مرکزی جامعہ سیفیہ کا تعارف، 122 برانچز کا مختصر تعارف، حضرات وخواتین کی تعلیم وتربیت کی حوالے سے کردار، جامعہ کے فضلاء وفاضلات کی مختلف شعبہ ہائے زندگی میں اندرون وبیرون ملک خدمات۔ مستقبل کے منصوبہ جات۔ تحقیقی وتنقیدی جائزہ۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | حضرات وخواتین کی تعلیم وتربیت میں مدارس وجامعات سیفیہ کا کردار | 102 |
| خاندانی پس منظر، حصولِ علم، اساتذہ، تلامذہ، دینی خدمات، تصوف میں مقام، رفاہی خدمات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | مفتی سیف الرحمان قادری برکاتی ہزاروی<br>علیہ الرحمۃ کا تعارف اور خدمات | 103 |
| خاندانی پس منظر۔ حصولِ علم، اساتذہ، تلامذہ، دینی خدمات، رفاہی خدمات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | مفتی حافظ محمد عمر فاروق سعیدی ہزاروی<br>علیہ الرحمۃ کا تعارف اور خدمات | 104 |
| استاذ العلماء پیر سید محمد مظہر قیوم شاہ مشہدی سجادہ نشین اول درگاہ مقدسہ بھکھی شریف کے حالات زندگی، درس وتدریس، اصلاح معاشرہ میں کردار، مساجد ومدارس کا قیام، حلقہ ارادت، اجازت وخلافت، تحریک ختم نبوت میں کردار، دینی، ملی، ساجی، تعلیمی وتبلیغی خدمات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | حضرت ثانی صاحب کی دینی، ملی، دینی وتبلیغی خدمات | 105 |
| خاندانی پس منظر، حصولِ علم، اساتذہ کرام، مشاہیر تلامذہ، اندازِ تدریس، بطور مبلغ ومصنف خدمات، تالیفات کا تحقیقی جائزہ، ادب سے وابستگی، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | علامہ ممتاز احمد چشتی رحمہ اللہ (سابق مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان)<br>کی دینی، ملی، تدریسی وتصنیفی خدمات | 106 |
| مدارس دینیہ میں پڑھائے جانے والے فنون کی تفصیل مع ضرورت واہمیت، تجدید فنون کی ضرورت واہمیت کا تجزیاتی مطالعہ، تجدید فنون کے لیے تجاویز وسفارشات۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | مدارس دینیہ میں تجدید فنون<br>تجزیاتی مطالعہ | 107 |
| اہلسنت وجماعت کا تعارف، اتفاق واتحاد اہلسنت وجماعت کو ختم کرنے والے محرکات کی پہچان، اتفاق واتحاد اہلسنت کو ختم کرنے والے محرکات کا قرآن وحدیث کی روشنی میں تدارک، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ | عصر حاضر میں اہل سنت کے اتحاد واتفاق کو ختم کرنے والے محرکات اور ان کا تدارک قرآن وسنت کی روشنی میں | 108 |
| تعارف، تذکار مشائخ، مشاہیر وابستگان، روحانی طریق تعلیم، دعوت وتربیت کا خصوصی اہتمام، فلاح انسانیت کے لیے اقدام وتجاویز، تالیفات وتبرکات کی تفصیل، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث | خانقاہِ فیضیہ شاہجمالیہ (سندیلیانوالہ شریف ڈیرہ غازیخان)<br>دعوت وتربیت تحقیقی وتجزیاتی جائزہ | 109 |
| تعارف واہمیت، بصارت زیادہ اہم یا بصیرت، نابینا اہل علم کی اجمالی فہرست، پندرہ کے احوال وآثار، علوم وفنون میں خدمات جلیلہ، طریق تعلیم وتعلم، سفارشات، خاتمہ، فوائد، نتائج البحث | بصارت سے محروم اہل علم ایک تحقیقی مطالعہ<br>کم از کم پندرہ مشاہیر اہل علم کے احوال وآثار | 110 |

## السیاسة والحکومة والسیر وما یتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| حرمین شریفین کے فضائل واحکام، حجاز مقدس کی جغرافیائی حیثیت، تاریخ کی ماخذ کتب کا تعارف، حرمین شریفین کی تاریخ پر لکھی گئی عربی کتب کا تعارف، اسلوب ومنہج، اور خصوصیات، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث | تاریخ حرمین پر لکھی گئی عربی کتب<br>تعارف وخصوصیات | 111 |
| جنگ وجدال کی تاریخ اور جنگ کی مختلف صورتیں، جنگ وجہاد کی شرعی اہمیت اور احکام، جدید کیمیائی وجراثیمی جنگوں کا تعارف، عقل اور سائنس کی روشنی میں کیمیائی وجراثیمی حملے، اسلام کی رو سے ان کا حکم، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث | جدید کیمیائی وجراثیمی جنگیں اسلام اور عقل کی روشنی میں | 112 |
| سوشلزم کا تعارف، اسلام کے معاشی نظام کا تعارف، سوشلزم اور اسلامی معاشی نظام کا تجزیاتی مطالعہ، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ | سوشلزم اور اسلام کے معاشی نظام کا تجزیاتی مطالعہ | 113 |
| تجارت اور دعوت دین کی اہمیت وضرورت اسلامی تعلیمات کی روشنی میں، حضور اکرم ﷺ کا خاندانی وتجارتی پس منظر، تاجر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فروغ دین کے لیے تجارتی اسفار، بلاد عرب وعجم میں مسلمان تاجروں کے دعوتِ دین کے لیے مختلف ادوار میں اسفار کی تفاصیل ونتائج، عصر حاضر میں تاجروں میں احساس ذمہ داری بیدار کرنے کے لیے تجاویز وآراء۔ خاتمہ، فوائد، نتائج البحث۔ | تجارت، دعوتِ دین کا ذریعہ<br>قرآن کریم اور سیرت طیبہ کی روشنی میں | 114 |

| | | |
|---|---|---|
| 115 | کثرتِ آبادی: مسائل اور تدارک | کثرت آبادی کی وجوہات، کثرتِ آبادی سے پیش آمدہ مسائل، قرآن عظیم اور سیرت النبی ﷺ سے مسائل کے تدارک کے لئے اقدامات کی سفارشات۔ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 116 | اسلام کا طریقہ تدریس اور عصر حاضر میں اس کی ضرورت | تعلیم، تربیت اور تدریس کا مفہوم، تربیت کی ضرورت، تعلیم و تعلم کی فضیلت، مدرس کی ذمہ داریاں، طالب علم کی ذمہ داریاں، مثالی مدرس کی خصوصیات، نبی اکرم ﷺ اور تعلیم وتربیت، عصر حاضر میں تعلیم وتدریس میں پائی جانے والی خامیاں، اسباب تدارک، اسلامی طریقہ تدریس کی عصر حاضر میں ضرورت۔ خاتمہ فوائد ونتائج البحث۔ |
| 117 | اسلام کا نظریہ احترام انسانیت ایک مطالعہ | انسانی جان، مال اور عزت آبرو کی اہمیت، انسانی جان کا تحفظ، ناحق قتل کا وبال، قتل کی اقسام، قصاص اور دیت کے احکام، مسلمان کے جان ومال کا احترام، خودکشی کا حکم، اقلیتوں کے حقوق وفرائض، غیر مسلموں کے قتل عام اور ایذا رسانی کی ممانعت۔ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 118 | اسلامی ریاست: خدوخال اور دائرہ کار | اسلامی ریاست کا تصور، اسلامی ریاست کی خوبیاں اور فوائد، نظام مالیہ، نظام عدل وقضاء، دفاعی نظام، نظام تعلیم، نظام تربیت، نظام معشیت، خارجہ پالیسی، نظام احتساب، بیوروکریسی اور بلدیاتی نظام، خاتمہ فوائد ونتائج البحث۔ |
| 119 | عورت مارچ: حقائق، اسباب، نقصانات اور تدارک | عورت مارچ کی تاریخ، عورت مارچ کے درپردہ مقاصد، عورت مارچ کے اسباب، نقصانات اور ان کے تدارک کے لیے ہونے والی کاوشوں کا جائزہ، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تدارک کیسے ممکن ہے؟ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 120 | پاکستان کے مروجہ عائلی قوانین کا قرآن وسنت کی روشنی میں مطالعہ | مسلم پرسنل لاء کی اصطلاح، پس منظر اور جائزہ، نکاح کی اہمیت وضرورت، نکاح، مہر، طلاق، خلع اور عدت کے احکام، طلاق کی مشروعیت اور حکمتیں، عدت کی حکمتیں، تعدد ازدواج اور فقہی احکام، تعدد ازدواج کی حکمتیں، مرد کا حق طلاق، تفویض طلاق، وصیت اور میراث کے احکام، خامیاں اور ان کا تدارک۔ خاتمہ، فوائد ونتائج البحث۔ |
| 121 | معاشی تغیرات کے انسانی زندگی پر اثرات<br>ایک تحقیقی مطالعہ | ت عارف واہمیت، اسلامی نظام معیشت کی خصوصیات، بنیادی اصول وضوابط، ناگزیر اصلاحات، خاتمہ، فوائد ونتائج البحث |

## التحقیق والتخریج والتراجم ومایتعلق بھما

| | | |
|---|---|---|
| 122 | التحقیق والتخریج | کسی غیر محقق مخطوط کی تحقیق یا غیر محقق مطبوع کی تحقیق (انتخاب سے پہلے منظوری لی جائے، بصورت دیگر پہلے سے محقق / مخرج ہونے کی صورت میں مقالہ نگار کی محنت رائیگاں جانے کا خدشہ ہے۔) |

**نوٹ:** عالمیہ سال اول کے وہ امیدوار جو از خود عنوان مقالہ یا (تحقیق و تخریج) منتخب کرنا چاہیں وہ اپنا عنوان بصورت خطہ (Synopsis) شعبہ امتحانات سے منظور کروا کر کام شروع کر سکیں گے۔

# ہدایات وضوابط برائے تحقیقی مقالات

## امتحانی قواعد وضوابط:

- ❖ تحقیقی مقالات لکھوانے کا مقصد "تصنیف و تالیف" کی خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، تحقیق و تخریج اور استنباط کی بہتر تربیت دینا اور حوصلہ افزائی کرنا ہے، لہٰذا مقالہ نگاران کی راہنمائی اور تحقیق و تالیف کو کماحقہ مفید بنانے کیلئے مدارس کے منتظمین سے گذارش ہے کہ:
  - i. "ہر مقالہ نگار کیلئے تحقیق و تصنیف کا ملکہ رکھنے والے استاذ کا ہی بطورِ "مشرف" (Supervisor) تقرر فرمائیں۔"
  - ii. ایک مشرف کے زیرِ نگرانی مقالہ نگران کی تعداد کم از کم ہونی چاہیے تاہم اگر کسی ادارے میں امیدواران کی تعداد کثیر ہو تو ایک مشرف زیادہ سے زیادہ آٹھ مقالات کی نگرانی کر سکتا ہے۔اس سے زیادہ کی اجازت نہ ہے۔
  - iii. مقالہ نگار جس ادارے میں زیر تعلیم ہے مشرف (Supervisor) کا اسی ادارے سے ہونا ضروری نہیں بلکہ امیدوار اپنے جامعہ کے سربراہ کی اجازت سے کسی اور ادارے کے استاذ کو بھی اپنا مشرف بنا سکتا ہے۔
- ❖ مشرفین کرام اپنی اخلاقی و منصبی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسلسل راہنمائی فرمائیں اور اپنی نگرانی میں مقالہ تحریر کرائیں تاکہ مستقبل کی علمی و تحقیقی ضرورتوں کے اہل، رجالِ کار تیار ہو سکیں۔ سطحی اور نقل شدہ مقالہ ہونیکی وجہ سے امیدوار کی ناکامی مُشرف کیلئے سُبکی کا باعث ہو گی۔
- ❖ تنظیم المدارس کی جانب سے جاری کردہ عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مقالہ لکھنا ضروری ہے۔
- ❖ مقالہ صرف وہی امیدوار لکھیں گے جنہوں نے عالمیہ سال اول کے امتحان میں کامیابی سے شمولیت اختیار کرلی ہو۔ نیز تاحال مقالہ نویسی صرف طلبہ کیلئے ہے طالبات کے نصاب میں مقالہ شامل نہیں۔
- ❖ ایک عنوان پر ادارے کا صرف ایک امیدوار مقالہ لکھنے کا مُجاز ہو گا، البتہ اگر عنوانات کی تعداد سے امیدواروں کی تعداد زیادہ ہو تو ایک عنوان پر دو یا تین طلبہ مقالہ لکھ سکتے ہیں۔ تاہم ادارہ کے "ناظم تعلیمات" کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا اہتمام کریں کہ ہر امیدوار از خود محنت و تحقیق کر کے مواد مرتب کرے، تاکہ نقل و سرقہ کا امکان نہ رہے۔ نقل شدہ مقالہ کالعدم شمار ہو گا، اور امیدوار ناکام قرار پائے گا۔
- ❖ مقالہ میں ناکام طلبہ کو ضمنی امتحان کے موقع پر دوبارہ مقالہ لکھنے کا موقع اس شرط پر دیا جائیگا کہ وہ ضمنی امتحان کے موقع پر باقاعدہ داخلہ فارم پُر کر کے امتحانی فیس جمع کرائیں۔ مجموعی طور پر چار چانسز (سالانہ + ضمنی + سالانہ + ضمنی) تک مقالہ کی تکمیل لازم ہے۔

## منظوری وطریقہ ترسیل:

- ❖ رجسٹریشن کیلئے سربراہ ادارہ کے دستخطوں سے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر مقالہ نگاران کی فہرست (نام امیدوار، عالمیہ سال اول کا رول نمبر، منتخب عنوان، مشرف کا اسم گرامی) یکم محرم الحرام ۱۴۴۴ھ بمطابق 31 جولائی 2022ء تک شعبہ امتحانات کو ارسال کرنا ضروری ہے۔
- ❖ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۴۴ھ سے قبل تمام مقالات مرتب و مجلد کر کے شعبہ امتحانات مرکزی دفتر لاہور میں پہنچنا ضروری ہیں۔
- ❖ مقالات اجتماعی طور پر ارسال کئے جائیں، انفرادی طور پر ارسال کیے گئے مقالات گم ہونے کی صورت میں شعبہ امتحانات ذمہ دار نہ ہو گا۔
- ❖ جس مقالہ پر امیدوار کا نام، عالمیہ سال اول ودوم کا رول نمبر اور پتہ صحیح طور پر درج نہ ہوا، وہ کالعدم متصور ہو گا۔
- ❖ تحقیقی مقالہ کی اصل کاپی جلد کر کے بھجوائیں۔ فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہو گی۔ البتہ اپنے ریکارڈ کیلئے فوٹو کاپی بنوا کر محفوظ کرلیں نیز نقل واصل کی پہچان کے لیے رف عمل (قلمی نسخہ ترجیحاً)، قلم سے نظر ثانی شدہ کاپی لازماً محفوظ رکھیں۔ شعبہ امتحانات کسی بھی وقت ثبوت کے طور پر یہ چیزیں طلب کر سکتا ہے۔

## ❖ ہدایات برائے تحریر و تحقیق:

- ❖ مقدمہ، ابواب و فصول، خلاصہ بحث، سفارشات، نتائج، اشاریہ، اور آیات، احادیث، شخصیات، اعلام اور اماکن کی فہارس کا اہتمام کریں۔
- ❖ درجہ شہادۃ العالمیہ کا مقالہ کم از کم 50 جبکہ تخصص فی الفقہ کا کم از کم 100 صفحات فل سکیپ (8.6 x11.6) پر مشتمل ہو اور کاغذ کی ایک طرف لکھا جائے۔
- ❖ مقالہ کی تفصیلات اور مباحث تجزیاتی اور نتیجہ خیز ہونے چاہئیں، اندازِ تحریر علمی و تحقیقی ہونا چاہیے ۔
- ❖ مقالہ میں موجود تمام آیاتِ مبارکہ قرآنی رسم الخط میں تحریر ہوں اور ان پر اعراب کا بطور خاص اہتمام کیا جائے۔
- ❖ مقالہ بنیادی مصادر پر مشتمل ہونا چاہئے اور تحقیق و تصنیف سے متعلق قواعد و ضوابط کا مقالے میں اطلاق و اظہار ہونا ضروری ہے۔
- ❖ مقالہ کی تکمیل پر اپنی تحریر کو بار بار پڑھا جائے تاکہ غلطی کی گنجائش نہ رہے۔ کمپوزنگ کی غلطیوں پر نمبر کم ہو جاتے ہیں۔
- ❖ مقالہ کمپوز شدہ ہونا ضروری ہے۔ تاہم کسی ماہر کاتب کا تحریر شدہ قلمی نسخہ بھی قابل قبول ہو گا۔ البتہ جلد کا مضبوط ہونا لازمی ہے۔

## کمپوزنگ کے متعلق ہدایات:

i. اعلیٰ تعلیم میں مقالہ جات کی تفویض کا مقصد طالب علموں میں تحقیقی شعور بیدار کرنا اور تجزیاتی و تنقیدی صلاحیتوں کی جلا بخشنا ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ محقق طے شدہ اصول و ضوابط کی روشنی میں ہی اپنی تحقیقات مرتب کرے۔ لہذا تحقیقی مقالہ جات لکھنے والے ان ہدایات کو مدنظر رکھیں۔

ii. مقالہ متوازن طور پر ابواب و فصول میں منقسم ہو نیز ہر باب کا نام، باب کے شروع میں علیحدہ صفحہ پر لکھیں۔ اور اس پر صفحہ نمبر لکھا اور شمار نہ کیا جائے۔

iii. کاغذ کا سائز 8.6x 11.6 انچ (A4)، جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر کا حاشیہ ایک انچ کا اور نیچے کا 0.75 انچ ہو۔ ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے۔

iv. حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26-24 ہونی چاہیے۔ مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے ٹائٹل چوبیس فاؤنٹ (pt24) ابواب کے عنوانات بائیس فاؤنٹ (pt22)، فصول بیس فاؤنٹ (pt20)، مباحث 18 فاؤنٹ (pt18)، ذیلی عنوانات 16 بولڈ فاؤنٹ (pt16)، تحریر کا سائز اصل متن پندرہ فاؤنٹ (pt15) اور حاشیہ تیرہ فاؤنٹ (pt13) پر مشتمل ہونا چاہیے۔

v. مقالہ کا سرورق درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:

مقالہ کے سرورق پر عنوان مقالہ جلی حروف میں اسکے نیچے قوسین میں مقالہ برائے شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ، نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام اور بائیں جانب نگران مقالہ کا نام بمعہ عہدہ اور سب سے نیچے شعبہ امتحانات **شہادۃ العالمیہ/تخصص فی الفقہ** تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سیشن / سال تحریر کیا جائے، صفحہ کے درمیان میں تنظیم المدارس کا مونوگرام ہونا چاہیے۔

vi. مقالہ کے انتساب سے پہلے نگران مقالہ کا سفارشی مراسلہ (Recommendation Letter) اور اس بات کا حلف (Declaration) کہ یہ کام اصلی اور سرقہ سے مبرا ہے، لگایا جائے گا۔

vii. شہادۃ العالمیہ/ تخصص فی الفقہ کے مقالہ جات کی جلد کے پہلے صفحہ پر ان تمام چیزوں کا اندراج اسی ترتیب سے ہو گا جیسے ہدایات میں لکھا گیا ہے مقالہ کی جلد کا رنگ گہرا میرون ہو۔ پشتے پر مقالہ کا عنوان مقالہ نگار کا نام، سال / سیشن درج ہو گا۔

## ❖ مقالہ کی ترتیب و محتویات:

1:- عنوان / ٹائیٹل 2: تسمیہ و تحمید 3 : مُشْرِف کی تصدیق و دستخط 4: انتساب

5: مقدمہ/دیباچہ 6: فہرست موضوعات 7: صلب موضوع و ابحاث 8: ضمیمہ و اشاریہ (اگر ہو)

9: خلاصہ بحث و نتائج 10: فہارس (آیات و احادیث وغیرہ) 11: مصادر و مراجع (ترتیب میں فنون/ تہجی کا لحاظ رکھیں)

❖ **مقدمہ و دیباچہ:** اختصار و جامعیت سے کام لیا جائے، عنوان کے انتخاب کی وجوہ ترجیح اور مقالے کا سرسری جائزہ درج ہو۔

## ابواب و فصول:

1. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم وضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔
2. جدید طرز تصنیف اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی قلم سے باب کا نام لکھا جائے اور ذیل میں اس باب کے اہم عنوانات درج کئے جائیں۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے، اور اگلے صفحہ (سامنے/بائیں جانب والے) سے تحریر کا آغاز کیا جائے۔
3. ذیلی عناوین "بغلی سرخی" کے طور پر دائیں جانب جلی قلم سے لکھیں۔
4. تحریر میں پیرابندی اور رموز کتابت و علامات وقف (،۔؟" " ! ... ) وغیرہ کا لحاظ رکھا جائے۔
5. اختتام پر اپنے اخذ کردہ نتائج اور اگر رائے میں " تفرد " ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو۔

## ❖ حوالہ جات اور حواشی:

1. حوالہ جات، حواشی ہر صفحے کے نیچے دیئے جائیں، یا مسلسل نمبروں کی صورت میں باب، فصل، مقالہ کے آخر میں نمبروار مصادر و مراجع و حوالہ کا ذکر کریں۔ اقتباس کو واوین (" ") کے درمیان لکھیں۔
2. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے۔ یا قوس خاص [......] (......) لگا کر اس کے درمیان لکھا جائے۔
3. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتب حدیث مخرّج و محقّق دستیاب ہیں اس لئے حوالہ میں رقم الحدیث، جلد و صفحہ، مطبع و سن طباعت درج کریں۔ باب و فصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تا کہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل تک رسائی ممکن ہو سکے۔ یاد رہے حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے۔ بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات لکھنے کی صورت میں دیانت علمی کے خلاف ہونے کیساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔
4. آیات قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں۔ مثلاً: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۱۴ کو یوں لکھیں: (البقرہ ۲ : ۱۴)
5. مصنفین کے اسماء حروف تہجی کی ترتیب یا سنین ولادت، وفات کی ترتیب سے ہوں۔

**فہارس:** فہارس کے باقاعدہ نمبر مخصوص کئے گئے ہیں لہٰذا اپنی کاوش کو مزید بہتر بناتے ہوئے موضوعات و عناوین، آیات و احادیث، اشاریہ، اسماء و اماکن، مصادر و مراجع کی فہارس، ٹیبل بنائیں۔ ان تمام فہارس میں ترتیب (ہجائی، زمانی، مکانی) کا خاص خیال رکھیں۔

**CD / فلاپی بیک اَپ:** اپنے تحقیقی مواد کو کمپیوٹر پر کمپوز کروائیں اور درج ذیل ہدایات کا خاص خیال رکھیں۔

i. اپنے تحقیقی مواد کو ضائع ہونے اور انتحال و سرقہ علمی سے محفوظ رکھیں۔ بعض لوگ اس کمپوز شدہ مواد کا اپنے نام سے پرنٹ نکلوا لیتے ہیں، جس سے اصل امیدوار پر بھی نقل کرنے کا الزام آ جاتا ہے، لہٰذا اپنے اصل تحقیقی مواد اور، رف عمل کو محفوظ رکھیں تا کہ بوقت ضرورت بطور ثبوت پیش کیا جا سکے۔

ii. تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے پلیٹ فارم سے یہ کوشش کی جائیگی کہ جدید تحقیقات پر مشتمل مواد کو مرتب کر کے شائع کیا جائے، لہٰذا کمپوز شدہ مواد کی Backup سی ڈی ہمراہ ارسال کریں۔

iii. تحقیقی مقالہ تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی اعلیٰ ڈگری کے حصول کیلئے لکھوایا جاتا ہے جو تنظیم المدارس کا علمی اثاثہ شمار ہوتا ہے لہٰذا اگر اپنی تحقیقات کو شائع کرنا مقصود ہو تو اس کی اشاعت سے قبل تحریری اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہے۔

نوٹ: جناب ناظم اعلیٰ / مہتمم صاحب! زید مجدہ

یہ ہدایت نامہ اور فہرست مقالات اپنے مدرسہ کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کروادیں۔ نیز ایک ایک کاپی مقالہ نگاروں کو بھی دے دیں۔

عزیز طلبہ کرام!

☆ متعدد علمی عناوین کا تعین کر دیا گیا ہے ، بعض مشکل اور تحقیقی عنوانات ہیں اور بعض آسان ، کچھ عصری مضمون نویسی جیسے موضوعات اور وافر مواد سے متعلق ہیں۔اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خوب محنت سے ریسرچ ورک کیا جائے۔تاکہ مستقبل میں اگر اس مقالہ کو طباعتی و اشاعتی مرحلہ سے گذارنا مقصود ہو تو یہ مقالہ ہر لحاظ سے اس معیار پر پورا اترتا ہو۔

☆ اساتذہ و مشرفین عظام سے التماس ہے کہ موضوع و عنوان کے انتخاب میں طالب علم کے میلان طبعی اور استعداد کا لحاظ کرتے ہوئے چناؤ کرائیں۔ذی استعداد طلبہ کو آسان کی بجائے مشکل اور علمی کام پر آمادہ کریں ، تاکہ (ان مع العسر یسرا) کا عملی نمونہ سامنے آئے۔اپنے عزیزوں کو تصنیف وتالیف کے میدان کا شہسوار بنانے کیلئے پوری توجہ مرحمت فرمائیں۔اورموضوع کے مالہ‌اورما علیہ میں سے کوئی پہلو تشنہ نہ رہنے دیں۔

☆ مقالات کے عناوین بارے راہنمائی درج ذیل اساتذہ کرام و محققین عظام سے حاصل کی جا سکتی ہے ، مگر یاد رہے سائل و طالب بن کر اپنی مراد حاصل کرنے کے جذبے سے مناسب وموزوں وقت پہ فون کیجئیے اور فرصت بارے پہلے پوچھ لیجئیے ۔

| نمبر شمار | اسماء گرامی | رابطہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مفتی محمد عابد نسیم، گوجرہ | 0300-3595565 |
| 2 | حافظ محمد اسحاق ظفر، راولپنڈی | 0321-5178672 |
| 3 | پروفیسر عون محمد سعیدی، بہاولپور | 0300-6818565 |
| 4 | ڈاکٹر محمد کلیم، رحیم یار خان | 0306-7318019 |
| 5 | مفتی خلیل احمد قادری، لاہور | 0300-8806267 |
| 6 | مفتی محمد کاشف فریدی، ملتان | 0305-5261588 |
| 7 | مفتی اعجاز احمد، فیصل آباد | 0300-7267103 |
| 8 | مولانا رفاقت جلالی، اسلام آباد | 0300-7565116 |
| 9 | مفتی محمد زمان سعیدی، فیصل آباد | 0306-5832859 |
| 10 | مولانا محمد امتیاز حقانی، چنیوٹ | 0346-5912691 |

☆ کچھ تفصیلات اور تحریر مقالہ کے لیےرہنمائی تنظیم المدارس کے فیس بک پیج پہ دے دی گئی ہے۔درج ذیل لنک سے آپ حاصل کر سکتے ہیں :
https://www.facebook.com/tanzeemulmadarispk

☆ عنوانات ، موضوعات کی ترکیب الفاظ میں ایسی تبدیلی، جس سے عنوان مزید وقیع ہو جائے ، لیکن "صلب موضوع "میں کوئی کمی نہ ہو ، کی اجازت ہے۔

☆ آخری عنوان پر لکھنے کے لئے ایک ہی ادارے سے کئی طالب علم بھی ہوسکتے ہیں مگر کتاب (مخطوط) کا الگ ہونا ضروری ہے۔البتہ حجم میں بڑی کتاب ہونے کی صورت میں ایک سے زائد طالب علم بھی شریک ہو سکتے ہیں، تاہم متعدد شرکاء کی صورت میں ہر ایک کے حصے میں کم و بیش پچاس تا ساٹھ صفحاتِ تحقیق ہونے چاہئیں۔

☆ خیال رہے کہ تحقیق کیلئے ایسی کتاب (مخطوط ) کا انتخاب کریں جس پر پہلے کام نہ ہوا ہو، اس سلسلہ میں شعبہ تحقیق و تصنیف تنظیم المدارس سے تحریری طور پر تصدیق حاصل کر لیں۔

☆ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پروفارمہ کاپی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

والسلام مع الاکرام

آپ کے درخشندہ مستقبل کا خواہاں

**محمد عبد المصطفیٰ ہزاروی** (ناظم اعلیٰ)

یکم جون 2022ء / یکم ذوالقعدہ، ۱۴۴۳ھ